09/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعابدہ اختر

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کادوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے اور 2اپریل تک جاری رہے گا۔ آ ج لوک سبھاسپیکر اوم برلا کوان کے عہدے سے ہٹائے جانے سے متعلق اپوزیشن کی درخواست پر بحث ہوگا۔ اپوزیشن کانگریس نے اجلاس کے پہلے مرحلے کے دوران ان پر طرف داری کا الزام لگایا تھا۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنرمنوج سنہانے کہا ہے کہ آج جموں و کشمیر ایک اہم مرحلے سے گزر رہا ہے۔ ہم نے گزشتہ پانچ چھ برسوں میں اِنقلابی تبدیلیاں متعارف کی ہیں جس سے نظام کو شفاف بنایا گیا اور اسے عوامی خدمت کے لئے وقف کیا گیا۔ اَب پورا اِنتظامی ڈھانچہ چند افراد کے فائدے کے بجائے یونین ٹیریٹری کے ہر شہری کی خدمت کے لئے کام کر رہا ہے۔

وہ کل جموں کے سدھرا علاقے میں اینٹی کورپشن بیورو کی ہیڈ کواٹر عمارت اور پلوامہ ضلعے کے اونتی پورہ علاقے میں برانچ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر رہے تھے۔ انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر کو رشوت خوری سے APKSبیورو کے پاک بنایا جائے گا۔ انہوننے اینٹی کورپشن بیورو پر زور دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر فیلہ ،تفتیش اور استغاثہ عدالتوں کی جانچ پڑتال میں مضبوطی سے قائم رہے۔

NEET

کے آن لائن درخواست فارم جمع NEET2026اینٹرنس ٹیسٹ یعنیEligibility Cum نے نیشنلNTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کرانے کی آخری تاریخ میں3 روز کی توسیع کر دی ہے۔ اب امیدوار 11 مارچ 2026 کی رات9 بجے تک اپنے آن لائن درخواست فارم جمع کرا سکیں گے، جبکہ فیس اسی روز رات 11 بجکر 50 منٹ تک ادا کی جاسکتی ہے۔

کی جانب سے جاری کردہ ایک نوٹس کے مطابق امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ توسیع شدہ مدت کے NTA اندر فارم بھرنے کا عمل مکمل کریں، کیونکہ اس کے بعد مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔ قابلِ ذکر ہے کہ جموں و کشمیر کی وزیر تعلیم، سکینہ ایتو نے 6 مارچ کو مرکزی وزیر تعلیم دھرمندر پردھان کو خط لکھ کر نیٹ یو جی 2026کی درخواستوں کی آخری تاریخ بڑھانے کی اپیل کی تھی۔

اسکول

وادی کشمیر میں سرمائی تعطیلات کے بعد آج تمام تعلیمی ادارے دوبارہ کھلیں گے۔انتظامیہ کے مطابق اسکولوں میں تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ اساتذہ اور طلبہ کو وقت پر تعلیمی اداروں میں حاضر ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔والدین نے بھی تعلیمی اداروں کے دوبارہ کھلنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ تعلیمی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔

کرکٹ

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 96رنز سے شکست دے کر تیسری مرتبہ عالمی ICC مردوں کے چیمپئن بننے کا اعزاز حال کرلیا۔ نریندر مودی اسٹیڈیم احمد آبادگجرات میں کھیلے گئے عالمی ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کو 256رن کا ہدف دیابھارت کی جانب سے سنجو سیمسن نے سب سے زیادہ 46 گیندوں پر 89رن سیکور کیاہدف کے تعاقب میں نیوز ی لینڈ کی پوری ٹیم19اُورس میں ہی159رن بنا کر آوٹ ہوئی۔جسپریت بمبرا نے بہترین گیندبازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 4وکٹیں حال کیں۔بمرہ کو پلیئر آف دی میچ جبکہ سنجو سیمسن کو پلیئر آف دی سریز قرار دیاگیا۔اس طرح سے بھارت نے تیسری مرتبہ T20 عالمی کپ کرکٹ کا خطاب حال کر کے تاریخ رقم کی ہے۔

مبارکباد

در جموریہ درپدی مرمو،نائب در سی پی رادھا کرشنن ،وزیر اعظم نرندر مودی،وزیر داخلہ امیت شاہ،جمونو کشمیرکے لیفٹنٹ گونر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے سوشل میڈیا پوسٹوں مینٹیم انڈیا کو اس تاریخی کامیابی پر مبارک باد پیش کی ہے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل بح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے -

تعزیت

کشمیرسے شائع ہونے والے روز نامہ کاروان کشمیر کے مدیر اعلیٰ قاضی غلام نبی شاہ نورانی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی وفات پر مختلف حافتی ، سماجی او ر ادبی حلقوں نے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعا کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا -

خدا حافظ